YOUTH
DEVELOPMENT
PROGRAMME

# SCHOLARSHIP PROGRAMME

**BY AI INSTITUTE OF PAKISTAN**

# اہم معلومات

**سوال : یوتھ ڈیولپمنٹ پروگرام کیا ہے؟**

جواب: یوتھ ڈیولپمنٹ پروگرام، **اے آئی انسٹی ٹیوٹ آف پاکستان** کا ایک اہم اقدام ہے، جو پاکستان کا پہلا **نجی ادارہ** ہے جو مکمل طور پر **آرٹیفیشل انٹیلیجنس** پر مبنی آئی ٹی **ایجوکیشن** فراہم کرتا ہے. اس پروگرام کا مقصد **پاکستانی نوجوانوں** کو آئی ٹی سیکٹر اور اے آئی کے ذریعے آنے والی جدت کو سمجھنے اور اس کا مؤثر مقابلہ کرنے کے لیے تیار کرنا ہے. ہمارا عزم ہے کہ اس پروگرام کے تحت ہم پاکستانی نوجوانوں کو **مفت آئی ٹی تعلیم** فراہم کریں، تاکہ وہ نہ صرف اپنی بلکہ اپنے ملک کی بھی شناخت دنیا میں نمایاں کر سکیں.

**سوال : کیا یوتھ ڈیولپمنٹ پروگرام حکومتی منصوبہ ہے؟**

جواب: **نہیں**، یہ حکومتی منصوبہ نہیں ہے بلکہ اے آئی انسٹی ٹیوٹ آف پاکستان کا ایک اقدام ہے، جو ایک **نجی ادارہ** ہے.

**سوال : کیا اس پروگرام کے تحت کروائے جانے والے کورسز مفت ہیں؟**

جواب: **جی ہاں**، اس پروگرام کے تحت تمام کورسز مفت ہیں.**تاہم، کورسز میں داخلے کے لیے انرولمنٹ فیس درکار ہوگی، جو 360 روپے ہوگی**. یہ فیس صرف ان طلباء/طالبات سے لی جائے گی جو اپٹیوڈ ٹیسٹ پاس کر کے کورس میں داخلہ لیتے ہیں. اس کے علاوہ، ٹیسٹ سے پہلے، کورس کے دوران، یا کورس مکمل ہونے کے بعد کسی قسم کی فیس یا پوشیدہ چارجز نہیں ہوں گے. تمام تعلیمی مواد اور دیگر ضروریات بلکل مفت فراہم کی جائیں گی.

**سوال : اس پروگرام میں شامل ہونے کے لیے کیا معیار (کریٹیریا) ہے؟**

**جواب:** اس پروگرام میں شامل ہونے کے لیے بنیادی معیار درج ذیل ہیں:

- پاکستان کے نوجوان اس پروگرام میں شامل ہو سکتے ہیں.
- امیدوار کا ذہنی رجحان اور دلچسپی **ٹیکنالوجی، آئی ٹی، اور ای آئی** کے شعبے میں ہونا چاہیے.
- پروگرام میں شرکت کے لیے کسی خاص پیشہ ورانہ تجربے کی ضرورت نہیں، لیکن امیدوار کی تعلیمی اور ذاتی ترقی کے لیے **عزم اور محنت** کی اہمیت ہے.
- تمام امیدواروں کو **اپٹیٹیوڈ ٹیسٹ** پاس کرنا ضروری ہے، جس کے بعد ان کی **اہلیت** کا تعین کیا جائے گا.

**سوال : اس پروگرام کا انٹرولمنٹ پروسیس کیا ہے؟**

**جواب:** سب سے پہلے، آپ کو اس پروگرام کا **رجسٹریشن فارم** بھرنا ہوگا، جس کے بعد ہماری ٹیم آپ سے رابطہ کرے گی اور آپ کو اطلاع دی جائے گی کہ آپ کی رجسٹریشن **مکمل** ہو چکی ہے. رجسٹریشن کے کچھ دن بعد، آپ کو **اپٹیٹیوڈ ٹیسٹ** کی تاریخ بتا دی جائے گی اور مقررہ تاریخ پر ٹیسٹ لیا جائے گا. ٹیسٹ کے نتائج کے بعد، **کامیاب طلباء/طالبات** کی فہرست جاری کی جائے گی اور جو طلباء/طالبات ناکام ہوں گے، وہ دوبارہ اس پروگرام میں داخلہ لینے کے لیے اگلے بیچ میں درخواست دے سکتے ہوں گے. **کامیاب طلباء/طالبات کا داخلہ 360 روپے کی فیس کے ساتھ مکمل کیا جائے گا**، اور ان کا

داخلہ پروسیس مکمل ہونے کے بعد، وہ **منتخب کردہ کورسز** میں آن لائن- تعلیم حاصل کر سکیں گے. یاد رہے کہ کورس کے دوران یا بعد میں کسی قسم کی اضافی فیس یا پوشیدہ چارجز نہیں لئے جائیں گے کورس مکمل ہونے پر، طلباء/طالبات کو **کورس مکمل ہونے کا سرٹیفکیٹ** آن لائن دیا جائے گا.

**سوال : اپٹیٹیوڈ ٹیسٹ کیا ہے؟**

**جواب:** اپٹیٹیوڈ ٹیسٹ ایک ایسا **امتحان** ہے جو طالب علم کے **ذہنی رجحانات، مستقبل کے مقاصد،** اور ان مقاصد کے حصول کے لیے کی گئی کوششوں کا **جائزہ** لینا ہے. اس ٹیسٹ کے ذریعے یہ معلوم کیا جاتا ہے کہ طالب علم کا ذہنی خاکہ کیا ہے، اس کے مستقبل کے **اہداف** کیا ہیں، اور ان اہداف کو حاصل کرنے کے لیے اس نے اب تک کیا کیا ہے ساتھ ہی، یہ بھی جانچا جاتا ہے کہ طالب علم **اپنے ملک** کی **ترقی** کے لیے کیا کرنا چاہتا ہے اور اگر وہ ہمارے پروگرام کے ذریعے کسی کورس میں حصہ لیتا ہے، تو اسے کیا لگتا ہے کہ وہ اس تعلیم سے اپنی زندگی یا اپنے ملک میں کیا **مثبت تبدیلی** لا سکے گا. اس کے علاوہ، ٹیسٹ میں **جنرل نالج** کے سوالات بھی شامل ہوں گے تاکہ طالب علم کا دنیا بھر کے حالات، معاملات اور عمومی معلومات کا علم بھی پرکھا جا سکے.

**سوال : کیا یہ کورسز آن لائن ہوں گے یا آن-سائیٹ (فزیکلی) ہوں گے؟**

**جواب:** تمام کورسز **آن لائن** کروائے جائیں گے، جنہیں **Zoom یا Google Classroom** کے ذریعے فراہم کیا جائے گا.

## سوال : یوتھ ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت کون کون سے کورسز کروائے جائیں گے؟

**جواب :** اس پروگرام کے تحت کروائے جانے والے کورسز کے نام درج ذیل ہیں:

1. Artificial Intelligence
2. Graphic Design
3. Video Editing
4. Shopify
5. Meta Ads
6. Google Ads
7. SEO
8. Python
9. Wordpress Development
10. App Development

## سوال : کورسز کی تفصیل کیا ہے؟

جواب : تمام کورسز میں متعلقہ فیلڈ کے **Fundamentals** اور **Core Concepts** پر سب سے زیادہ فوکس کیا جائے گا. اس کے ساتھ ساتھ ٹولز بھی سکھائے جائیں گے، لیکن ٹولز کو دوسری ترجیح دی جائے گی جبکہ **Fundamentals** اور **Core Concepts** کو **پہلی ترجیح** دی جائے گی.

کیونکہ آئی ٹی کے شعبے میں ہر دن **نئی جدت** آ رہی ہے اور ہر نئے دن ایک نیا ٹول مارکیٹ میں لانچ کیا جاتا ہے. اگر آپ صرف ٹولز سیکھیں گے تو نیا آنے والا ٹول آپ کے روزگار کے لیے خطرہ بن سکتا ہے لیکن اگر آپ کے بنیادی اصول اور مرکزی تصورات واضح ہوں گے تو آپ کو نئے ٹولز کو اپنانے میں زیادہ وقت نہیں لگے گا.

اس پروگرام کے تحت تمام کورسز میں آرٹیفیشل انٹیلیجنس کا استعمال **لازمی** طور پر سکھایا جائے گاتاکہ آپ دنیا کی **بڑھتی ہوئی ٹیکنالوجی** کا حصہ بن سکیں. کورسز کی مدت کم از کم **ایک مہینہ** اور زیادہ سے زیادہ **دو مہینے** تک ہوگی. **کلاسز ( لائیو لیکچرز ) ہفتہ** اور **اتوار** کے دن **شام کے وقت** ہوں گی، اور ہر لائیو لیکچر کے آخر میں 10 منٹ کا **سوال و جواب کا سیشن** بھی ہوگا.

اس کے علاوہ، تمام طلباء/طالبات کو WhatsApp پر **چیٹ سپورٹ** بھی فراہم کی جائے گی جہاں وہ اپنے سوالات پوچھ سکتے ہیں ہوں گے. **لائیو لیکچر** کے بعد اس کی **ریکارڈنگ** بھی فراہم کی جائے گی.